نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت کی کپاس کی باقیات تلف کرنے کی مہم آخری مرحلہ میں داخل، جنگ ایسوسی ایشن بھی پر عزم

کپاس کی باقیات تلف کرنے والی فیکٹریوں کو سرٹیفیکیٹ فراہم کرنے کا اعلان، کپاس کے کاشتکاروں میں جوش وخروش

دہقان کا ہل چلے گا تو ملک کی معیشت میں کی ترقی کے راستہ میں آنے والے مٹی کے ڈھیلے ٹوٹیں گے، سیکرٹری زراعت

لاہور: 28 فروری 2017 (   ) محکمہ زراعت کی کپاس کی باقیات تلف کرنے کی مہم آخری مرحلہ میں داخل ہوگئی ہے، کپاس کی باقیات تلف کرنے والی فیکٹریوں کو سرٹیفیکیٹ فراہم کئے جائیں گے جننگ فیکٹریوں کے مالکان کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ فوری طور پر جنگ ویسٹ ختم کردیں تا کہ ان میں موجود خطرناک کیڑے تلف ہو جائیں، محکمہ زراعت کے افسران نے پاکستان کاٹن جننگ ایسوسی ایشن کے عہدیداروں سے ملاقات کر کے ان پر زور دیا گیا کہ وہ جننگ ویسٹ تلف کرنے کے لئے ہنگامی بنیادوں پر کام کریں، سیکرٹری زراعت پنجاب محمد محمود نے کہا ہے کہ کپاس کی باقیات تلف کرنے کرنے برقی انداز میں کام کررہے ہیں۔ ہمارے افسران فیکٹریوں کے مالکان سے جننگ ویسٹ تلف کرنے کے لئے مسلسل رابطہ کررہے ہیں، کپاس کسان کی چاندی ہے اوراس کی حفاظت ہماری ذمہ داری ہے، کپاس کی پیداوار بہتر بنانے کے لئے ہر سطح پر اقدامات کررہے ہیں، کسان کو اس محنت کا پھل دلائیں گے اور ملک کی معیشت کو بہتر بنائیں گے، ہمارا عزم بہت بلند ہے، دہقان کا ہل چلے گا تو ملک کی معیشت میں کی ترقی کے راستہ میں آنے والے مٹی کے ڈھیلے ٹوٹ جائیں گے۔

☆☆☆